22/02/2026

12.30 PM

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے -

خبروں کا بلیٹن لیکر میں مسرت شاہ

1-من کی بات

امپیکٹ سمٹ2026کے کامیاب انعقاد INDIA-AI وزیر اعظم نریندر مو دی نے نئی دلی میں منعقدہ پر ملک کے عوام کو مبارکباد پیش کی ہے۔ آکاشوانی پر من کی بات کے اپنے ماہ وار ریڈیو پروگرام میں عوام سے اپنے خیالات کا اظہار کر تے ہوئے انہوننے کہا کہ مستقبل میں دنیا مصنوعی ذہانت کی طاقت کا استعمال کیسے کرے گی، یہ سمٹ اس سلسلے میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہوا ہے۔

وزیر اعظم نے ملک کے کسانوں کی سراہنا کر تے ہوئے کہا کہ ہمارے کسان مٹی کو سونا بنانے میں ماہر ہیں۔ انہوننے کہا کہ کاشتکاری میں اختیار کئے جا رہے نئے اور اختراعی طریقوں کی بدولت اب بھارت چاول اُگانے والا دنیا کا صف اول کا ملک ہے -

-----PM-1-----

اور آن لائن ہونے والی مالی بے ضابطگیوں کے معاملے پر بھی Arrestوزیر اعظم نے ڈیجیٹل اپنی بصیرت کا اشتراک کیا۔

اور کسی کے eKYC انہوننے اسطرح کی دھاندلی سے بچنے کےلئے عوام کو مشورہ دیا کہ وہ شیئر کر تے وقت انتہائی زیادہ ہوشیار اور چوکس رہیں۔OTPساتھ

-----PM-2------

نریندر مو دی نے امتحان میں شامل ہونے والے بچوں کو مشورہ دیا کہ وہ ذہن پر پڑھائی کا زیادہ دباؤ نہ پڑنے دیں اور جو کچھ پڑھا ہے اُس کو اپنے پرچوں میں صحیح صحیح لکھیں۔ وزیر اعظم نے دنیا کی مختلف ٹیموں کا حصہ بنے بھارتی نژاد کھلاڑیوں کی بھی سراہنا کی۔

دیگر کئی موضوعات پر بات کرنے کے علاوہ نریندر مو دی نے عوام کو جا ری ماہ رمضان اور آنے والے ہولی کے تہوار کی مبارکباد پیش کر تے ہوئے لوگوں کو تہواروں کے دوران ووکل فار لوکل کا منتر ذہن میں رکھنے کی یاد دہانی کرائی۔

-----PM-3------

کھیلو انڈیا

کھیلو انڈیا وِنٹر گیمز2026کل سے مشہور سیاحتی مقام گلمرگ میں شروع ہو رہے ہیں۔ اس سلسلے میں وہاں تمام تیاریوں کو حتمی شکل دی گئی ہے۔

ڈپٹی کمشنر بارہمولہ مِنگا شیر پا نے گلمرگ میں مختلف مقامات کا دورہ کر کے کھیلو انڈیا ونٹر گیمز کے چھٹے ایڈیشن کے سلسلے میں انتظامات کا برسر موقع جائزہ لیا۔ انہوںنے تمام متعلقہ محکموں اور اہلکاروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت دی۔

ادھر سکمز صورہ میں ایک فرضی دوڑ کا اہتمام کیا گیا جس کا مقصد گلمر گ وِنٹر گیمز کے پیش نظر ایمر جنسی کی صورتحال کا جائزہ لینا تھا۔ اس مشق کا مقصد کھیل کی جگہ پر کھلاڑیوں کےلئے پیدا ہونے والی ممکنہ ایمر جنسی صورتحال سے بر وقت نمٹنا ہے۔

ادارے کے ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر محمد اشرف گنائی اور ڈپٹی کمشنر بارہمولہ مِنگا شیر پا نے خاص طور پر سکمز کے ہیلی پیڈ اور مختلف ضروری یونٹوں کو تیاری کی حالت میں رکھنے کے امور کا جائیزہ لیا۔

چیف جسٹس

جموںو کشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس، جسٹس ارون پلی کے سرپرستی اور جموںو کشمیر جوڈیشل اکیڈیمی گورننگ کمیٹی کے چیرپرسن کی رہنمائی میں اکیڈیمی کی جانب سے ای مارکیٹنگ کے ساتھ وابستہ افراد، عدالتی افسران اور نازروں کےلئے ایک روزہ تربیتی پروگرام منعقد کیا گیا۔

اس موقعے پراکیڈیمی کے ڈائریکٹر نے عدالتی نظام کے اندر ادارہ جا تی کار کردگی اور شفافیت کو مضبوط بنانے کی اہمیت پر زور دیا۔

سرینگرDC

ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو نے بھون اینڈ جوائنٹ اسپتال برزلہ کا دورہ کر کے وہاں اسپتال آنے والے مریضوں، تیمارداروں اور عملے کےلئے کئے جا رہے اقدامات کا جائزہ لیا۔

دورے کے دوران انہوننے اسپتال کے باہر ٹریفک کے دباؤ کو کم کرنے، متبادل انٹری گیٹ لگانے، پارکنگ کی اضافی سہولیات کے علاوہ دیگر تعمیری کاموں کا جائزہ لیا۔ ان کے ہمراہ پرنسپل گورنمنٹ میڈیکل کالج سرینگر اور SSP-ٹریفک بھی موجود تھے

بڈگامDC

ضلع بڈگام میں Jal Sanchay Jan Bhagidari-2.0 کے تحت61کام مکمل ہو چکے ہیں اور انہیں پورٹل پر اپلوڈ کیا گیا ہے۔

اس بات کی جانکاری ڈپٹی کمشنر بڈگام ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ کو جل شکتی ابھیان Catch the rain-2025اور Jal Sanchay Jan Bhagidari کے ضلع میں نفاذ اور پیش رفت کے جائزہ لینے کی غرض سے بلائی گئی میٹنگ کے دوران دی گئی ہے۔

بڈگام

جمونو کشمیر لیگل سروسز اتھارٹی کے زیر اہتمام ڈسڑکٹ لیگل اتھارٹی بڈگام کی طرف سے NALSA یعنی تیز آب کے شکار افراد کےلئے قانونی خدمات کی سکیم کے تحت ایک بیداری پروگرام منعقد کیا گیا ۔

پروگرام میں عام لوگوں کے ساتھ ساتھ عرضی گزاروں نے بھی شرکت کی۔ جنہیں سکیم کے مختلف مدوں کے بارے میں تفصیلی جانکاری فراہم کی گئی۔

....

....

....